2895-اپنی جلد کو سفید کروانے کا حکم

سوال

کیا جلد کو سفید کرانا حلال ہے یا حرام ؟

پسندیدہ جواب

جلد سفید کرانے کا عمل دو طرح کا ہے :

ایک تو یہ کہ اپنا حسن وجمال اور خوبصورتی زیادہ کروانے کے لیے جلد سفید کروانے کا عمل کروانا، تو یہ جائز نہیں، کیونکہ اس میں اللہ کی بنائی ہوئی اور پیدا کردہ صورت میں تغیر وتبدل ہے، اور یہ قسم الوشم یعنی گدوانے کے ساتھ ملحق ہے.جس کے متعلق اللہ تعالی کے نبی صلی اللہ علیہ نے ایسا کرنے والے پر لعنت کی ہے.

دوسری قسم یہ ہے کہ انسان کے جسم پر کسی جگہ کوئی سیاہ دھبہ ہو مثلا ہاتھ وغیرہ پر تو اسے زائل اور ختم کروانے کی کوشش کرنا اور اس جگہ کو بھی باقی جلد جیسا بنوانا تو اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ یہ عیب ختم کروانے میں شامل ہو گا.

واللہ اعلم.